سوال

مسلمانوں کے لئے تہوار منانے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا مسلمانوں کے لئے یوم جمہوریہ منانا ،جھنڈا لہرانا، جے ہند کہنا جائز ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسے مواقع پر ایک دوسرے کو مبارکباد دینے کا شرعی طور پر کوئی ثبوت نہیں ہے اور نہ ہی ایسا کرنا مسلمانوں کی محترم و نیک شخصیات یعنی سلف صالحین رحمہم اللہ سے ثابت ہے، جن میں سرِفہرست صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین ،تابعین، تبع تابعین واتباعھم شامل ہیں۔ اور تمام مسلمانوں کو زندگی کے ہر معاملہ میں قرآن وسنت اور سلف صالحین رحمہم اللہ کے معروف طریقہ کے مطابق ہی عمل کرنا چاہیے، اسی میں خیر ہے۔

اگر کوئی مسلمان نئے سال اور اس جیسے تہواروں کی مبارکباد دینے یا وصول کرنے کو مسنون سمجھتا ہے تو یہ انتہائی بڑی غلطی ہے،ایسی صورت میں مبارکباد دینا بدعت اور اسکا جواب دینا بھی جائز نہیں ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی